08.03.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....عبدالواحد

Music

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں تقریباً 33ہزار 500 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ انھوں نے کہا کہ قومی راجدھانی میں سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کو جامع طور پر مستحکم کیا جارہا ہے اور توسیع دی جارہی ہے۔

☆ جناب مودی نے TMC حکومت پر مغربی بنگال تقریب میں خامیوں سے متعلق صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی ہتک کرنے کا الزام لگایا ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے حقیقی طور پر ترقی حاصل کرنے کیلئے خواتین کی مساوی شرکت پر زور دیا ہے۔

☆ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ کل شروع ہو رہا ہے۔ لوک سبھا میں اسپیکر اوم برلا کو ہٹانے کے مطالبے والی قرارداد پیش کی جائے گی۔

☆ اسرائیل نے جنوبی لبنان پردوبارہ حملے شروع کئے ہیں ان میں دو سپاہیوں سمیت 12افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ آل انگلینڈ اوپن بیڈمنٹن میں بھارت کے لکسیہ سین، مردوں کے سنگلز کے فائنل میں چینی تائی پی کے Lin Chun-Yi سے ہار گئے ہیں۔

☆ اور ICC مردوں کے ٹی–ٹوینٹی عالمی کپ فائنل میں بھارت نے احمدآباد میں نیوزی لینڈ کیلئے 256رن کا جیت کا نشانہ رکھا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے......

PM Delhi Project

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں تقریباً 33ہزار 550 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ قومی راجدھانی میں سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کو جامع طور پر مستحکم کیا جارہا ہے اور توسیع دی جارہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ جن پروجیکٹوں کا آج آغاز کیا گیا ہے وہ بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کریں گے، کنکٹی ویٹی کو بہتر کریں گے اور شہر میں لوگوں کی زندگی گزارنے میں آسانی میں اضافہ کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ جس نئے میٹرو اسٹیشن کا آج آغاز کیا گیا

ہے وہ راجدھانی کے لاکھوں مکینوں کو نمایاں فوائد فراہم کرے گا۔

S/B PM Delhi Identity of India

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت خواتین کی ترقی میں ایک نیا باب تحریر کر رہا ہے اور وہ ملک کی ترقی میں اہم رول ادا کر رہی ہیں۔ جناب مودی نے تقریباً 18ہزار 300 کروڑ روپئے مالیت کے دلّی میٹرو پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کیا اور سنگ بنیاد بھی رکھا۔ انھوں نے دلّی میٹرو کے دو نئے کوریڈوروں کا افتتاح بھی کیا۔ انھوں نے دلّی میٹرو کے مرحلہ پانچ A کے تحت تین نئے کوریڈورز کا سنگ بنیاد بھی رکھا جو تقریباً 16اعشاریہ ایک صفر کلو میٹر کی روٹ لمبائی کا احاطہ کریں گے۔یہ انتظامی کارکردگی میں نمایاں اضافہ کریں گے جبکہ مالیاتی امکانات بھی وضع کریں گے۔

S/B 2100 PM Metro Benefit In Delhi

BJP West Bengal

BJP نے مغربی بنگال میں TMC سرکار کی، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے دورے کے دوران، پرٹوکول کی تقلید نہ کرنے اور بلاوجہ بین الاقوامی سنتال کانفرنس کے جائے تقریب کو تبدیل کرنے کا الزام لگایا ہے جو گذشتہ روز ریاست میں منعقد ہوئی۔ آج نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے سینئر لیڈر روی شنکر پرساد نے کہا کہ TMC سمیت اپوزیشن کے اتحادیوں نے یہ الزام لگائے ہیں کہ آئین کو خطرہ ہے لیکن TMC نے ملک کی اعلیٰ ترین آئینی اتھارٹی کی اپنے برتاؤ کے ذریعے ہتک کی ہے۔ جناب پرساد نے اِس عمل کیلئے ممتا کے زیر قیادت سرکار کی مذمت کی۔x

Add PM Delhi Project

مغربی بنگال میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی تقریب میں خامیوں سے متعلق وزیر اعظم نریندر مودی نے مغربی بنگال میں TMC حکومت پر صدر جمہوریہ مرمو کی ہتک کرنے کا الزام لگایا ہے۔ انھوں نے کہا کہ صدر جمہوریہ ایک ٹرائیبل کمیونٹی کے ایک بڑے فیسٹیول میں شرکت کرنے کیلئے مغربی بنگال گئی تھیں اور صدر جمہوریہ کو تعظیم دینے کے بجائے TMC نے اِس تقریب کا بائیکاٹ کیا۔x

PM Sabka Saath Webinar

وزیر اعظم نریندر مودی کل ''سب کا ساتھ سب کا وکاس عوام کے امنگوں کی تکمیل'' کے موضوع پر ایک بجٹ کے بعد کے ایک ویبنار سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے خطاب کریں گے۔ اس موضوع کے تحت تعلیم اور ہنرمندی، صحت اور آیوش، سیاحت اور مہمان نوازی سمیت دیگر شعبوں میں متعدد اجلاس منعقد ہوں گے۔ گفتگو کے دوران تعلیم سے روزگار کے حصول کے راستے، اینیمیشن کی ترقی، ویژول افیکٹ، گیمنگ اور کامکس، شمال مشرقی خطے میں بودھ سرکٹ اور ثقافتی سیاحت کو فروغ دینے جیسے اقدامات کا احاطہ کیا جائے گا۔ بجٹ کے بعد کا ویبنار حکومت، صنعت اور مختلف شعبوں کے ماہرین کے درمیان باہمی تعاون کیلئے ایک پلیٹ فارم مہیا کرائے گا تاکہ بجٹ میں بیان کردہ پالیسی وژن کو قابلِ عمل طریقۂ کار میں تبدیل کیا جاسکے۔ x

Rev. Prez Women Thought

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا کہ بھارت، خواتین کے زیر قیادت ترقی کے نظریے کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ نئی دلّی میں "Women Thought Leaders - Bharti: Nari Se Narayani" کے قومی کنونشن کے مکمل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، صدر جمہوریہ نے حقیقی ترقی حاصل کرنے کیلئے خواتین یکساں شرکت پر زور دیا۔ انھوں نے خواتین کی قوت کے ہر پہلو کو بروئے کار لانے پر بھی زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ خواتین، ملک کے ہر شعبے میں تعاون کر رہی ہیں، جن میں زراعت سے خلا تک، ذاتی روزگار سے مسلح افواج تک شعبے شامل ہیں۔ صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ حکومت، خواتین کو تعلیمی اور مالی اعتبار سے بااختیار بنانے کے بہت سے اقدامات کر رہی ہے۔

صدر جمہوریہ نے بھارتی معاشرے پر اِس بات کیلئے بھی زور دیا کہ وہ خواتین کے تئیں مخصوص رویّے اور عدم مساوات کو مکمل طور پر ختم کرے۔

S/B President Droupadi Murmu

LS Speaker Discussion

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوسرے مرحلے کا آغاز کَل سے ہوگا اور یہ 2اپریل تک جاری رہے گا۔ لوک سبھا میں کَل اسپیکر اوم برلا کو ہٹانے کی قرارداد پر بحث کی جائے گی۔ یہ قرارداد کانگریس کے تین اراکین محمد جاوید، کے سریش اور مَلّو روی کے ذریعے پیش کی جائے گی۔ اگر یہ قرار داد لوک سبھا میں منظور ہوتی ہے تو جناب برلا کارروائی کی صدارت نہیں کریں گے بلکہ اِس کے بجائے وہ اراکین کے درمیان بیٹھیں گے۔

مزید تفصیلات ہمارے نمائندے سے۔۔۔۔۔۔

VC Annand

پچھلے مہینے بجٹ اجلاس کے پہلے مرحلے کے دوران، اپوزیشن نے اسپیکر کو ہٹانے کیلئے لوک سبھا کے سکریٹری جنرل کو عدم اعتماد کا ایک نوٹس پیش کیا تھا۔ نوٹس میں اپوزیشن نے جناب برلا پر طرفداری برتنے کا الزام لگایا تھا۔ اس پر 118اراکین پارلیمنٹ نے دستخط کئے تھے۔ اِن میں کانگریس، سماجوادی پارٹی، DMK، بائیں بازو اور دیگر شامل تھے۔ البتہ اِن میں ترنمول کانگریس کا کوئی رکن نہیں تھا۔ BJP اور کانگریس نے لوک سبھا کے اپنے اراکین پارلیمان کو تین سطری ایک وھپ جاری کی ہے، جس میں اُنھیں ایوانِ میں منگل تک موجود رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ بجٹ اجلاس کا پہلا مرحلہ 28جنوری کو شروع ہوا تھا اور یہ 13فروری تک جاری رہا۔ پہلے مرحلے کے دوران، صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک اور مرکزی بجٹ 2026-27 پر بحث ہوئی تھی۔

آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد شہزاد

West Asia Conflict

اسرائیل نے آج سویرے جنوبی لبنان پر دوبارہ حملے کئے۔ خبر ہے کہ اس میں ایران کے انقلابی گارڈس

’قدس فورس‘ کے لبنان شاخ کے کمانڈروں کو نشانہ بنایا گیا۔ یہ حالیہ حملے تہران میں تیل کے ایک ذخیرے پر اسرائیلی حملے کے ایک دن بعد کئے گئے ہیں۔ لبنان کی وزارتِ صحت کے مطابق اسرائیلی حملوں میں، جنوبی لبنان میں دو سپاہیوں سمیت 12افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ متحدہ عرب امارات کی وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ اُس کے فضائی دفاعی نظاموں نے ملک کو نشانہ بنانے والے حملوں کے نئے سلسلے میں 16بیلسٹک میزائلوں اور 113ڈرونز کو ناکارہ بنا دیا اور تباہ کردیا۔ اسی دوران، بحرین میں ایران کے ڈرون کے ایک حملے میں آج ایک نمک بنانے کے پلانٹ پر حملہ کیا گیا جس میں مادّی نقصان ہوا۔اس لڑائی میں ایران میں کم سے کم ایک ہزار 230افراد، لبنان میں 290 سے زیادہ افراد اور اسرائیل میں 11افراد ہلاک ہوچکے ہیں۔ یہ معلومات اُن ملکوں کے حکام کے مطابق ہے۔ خبر ہے کہ امریکہ کے 6فوجی بھی ہلاک ہوئے ہیں۔x

Rev. Nepal Results

نیپال میں ایوانِ نمائندگان کے انتخابات کے بعد14انتخابی حلقوں میں ووٹوں کی گنتی ابھی جاری ہے۔ اب تک 151سیٹوں کے حتمی نتائج کا اعلان کیا جاچکا ہے۔ ان انتخابات میں راشٹریہ سوتنتر پارٹی، سب سے بڑی طاقت بن کر ابھری ہے، جو فرسٹ–پاسٹ–دی–پوسٹ نظام کے تحت اب تک 119سیٹیں جیت چکی ہے اور 6دیگر سیٹوں پر برتری حاصل کیے ہوئے ہے۔ نیپالی کانگریس نے 17سیٹیں جیتی ہیں، جبکہ UML نے اب تک 7سیٹیں حاصل کی ہیں اور دو حلقوں پر برتری بنائے ہوئے ہے۔ NCP چھ سیٹیں جیت چکی ہے اور دو حلقوں میں آگے ہے۔ نیپال میں اِس مہینے کی 5تاریخ کو ووٹ ڈالے گے تھے۔ ہمارے کاٹھمنڈو کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ بڑی تعداد میں امیدوار ضروری کم سے کم مطلوبہ ووٹ حاصل نہ کر پانے کے باعث اپنی ضمانت ضبط کروا چکے ہیں۔ x

VP Tripura Women

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے کہا کہ خواتین کو بااختیار اور خودکفیل بنا کر بھارت ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ تریپورہ کے Hapania کے انٹرنیشنل Fair گراؤنڈ میں لکھپتی دیدیوں اور اپنی مدد آپ گروپ کے اراکین سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ ریاستی حکومت، وزیر اعظم نریندر مودی کے ہر شہری کو یکساں مواقع فراہم کرنے کے وژن کو نافذ کرنے میں اہم رول ادا کر رہی ہے۔ x

VP Visit

نائب صدرجمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج سہ پہر اگرتلہ میں قائم Albert Ekka War Memorial پر بہادر سپاہیوں کو گلہائے عقیدت نذر کرکے خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر تریپورہ کے گورنر اِندرا سینا ریڈی نلّو کے ساتھ ساتھ، وزراء رتن لال ناتھ اور شنتانا چکما اور دیگر عمائدین موجود تھے۔ گلہائے عقیدت نذر کرنا، نائب صدر جمہوریہ کے ریاست کے دو روزہ دورے کا ایک حصہ تھا۔ اس کے بعد نائب صدر جمہوریہ نئی دلّی کیلئے روانہ ہوگئے۔x

My Bharat Yuva connect

کھیل اور نوجوانوں کے امور کی وزارت کل وکست بھارت یووا کنیکٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے کا دلّی میں آغاز کرے گی۔ اِس پہل کا مقصد 'میرا یووا بھارت، My Bharat' کے ساتھ وکست بھارت 2047 کے وژن کے تحت نوجوانوں کے ساتھ روابط کو فروغ دینا ہے۔ وزارت کے مطابق قومی راجدھانی کے 35 کالجوں کے 10 ہزار سے زیادہ طلباء اِس پروگرام میں حصہ لیں گے۔ x

ECE Kolkata

اعلیٰ چناؤ کمشنر گیانیش کمار آج کولکاتہ کا دورہ کریں گے۔ اعلیٰ چناؤ کمشنر، انتخابی کمشنر ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سَندھو اور ڈاکٹر وویک جوشی کے ساتھ آج رات کولکاتہ پہنچیں گے۔ وہ مغربی بنگال میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی تیاریوں کا جائزہ لیں گے۔x

Air India Flights

مغربی ایشیا میں جاری صورتحال کے درمیان ایئر انڈیا نے قابلِ بھروسہ سفری متبادل کیلئے 78اضافی پروازیں شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ اضافی پروازیں، سفر کی زیادہ مانگ کے سبب اِس ماہ کی 10 سے 18 تاریخ تک 9روٹس پر چلائی جائیں گی۔ ایک ایڈوائیزری میں ایئرلائن نے کہا ہے کہ یہ اضافی پروازیں، دلّی سے نیویارک، لندن، فرینک فرٹ، پیرس، ایمسٹرڈم، زیورِخ، کولمبو، مالے اور ممبئی سے لندن کے درمیان چلائی جائیں گی۔ اس میں مزید کہا گیا ہے کہ یہ پروازیں، دو طرفہ سفر میں 9روٹس پر 17ہزار 660سیٹوں کا اضافہ کریں گی۔ x

Kirti Vardhan CFAMM

امور خارجہ کے وزیر مملکت کرتی وردھن سنگھ نے برطانیہ میں 26ویں کامن ویلتھ وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کی۔ اس موقع پر جناب سنگھ نے ایک اصلاح شدہ، مستقبل کیلئے تیار کامن ویلتھ کیلئے زور دیا جو اراکین کیلئے موزوں فوائد فراہم کرسکے۔ انھوں نے عالمی جنوب کی ضروریات پر بھی زور دیا اور ڈیجیٹل سرکاری بنیادی ڈھانچے، ترقی کیلئے مصنوعی ذہانت، قدرتی تباہی کے بندوبست اور اقتصادی نشوونما میں تعاون کو اجاگر کیا۔x

Final Badminton

آل انگلینڈ اوپن بیڈمنٹن چمپئن شپ کے مردوں کے سنگلز کے فائنل میں بھارت کے لکشیہ سین کو آج Lin Chun-Yi سے ہارنے کے بعد خطاب کے Runer-up کے طور پر اکتفا کرنا پڑا۔ مضبوطی سے مقابلہ کرنے کے باوجود سین، برمنگھم کے Utilita Arena میں سخت مقابلے میں چین کے اپنے روایتی حریف سے پندرہ–اکیس، بیس–بائیس سے ہار گئے۔ پہلا گیم پندرہ–اکیس سے ہارنے کے بعد لکشیہ نے دوسرے گیم میں زبردست واپسی کی۔ تاہم Lin نے اپنا غلبہ برقرار رکھا اور دوسرے گیم میں بیس–بائیس سے جیت حاصل کرکے فائنل جیت لیا۔ x

Cricket T20 World Cup

مردوں کے ICC ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ کے خطابی میچ میں آج احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں دفاعی چمپئن بھارت کے ذریعے دیئے گئے 256رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے نیوزی لینڈ نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 4اوورز میں 2وکٹ پر 36رن بنا لئے تھے۔

اس سے قبل نیوزی لینڈ نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بھارت نے مقررہ 20اوورز میں 5وکٹ پر 255رن بنائے۔

سوریہ کمار یادو کی قیادت میں بھارتی ٹیم ممبئی میں کھیلے گئے سیمی فائنل کے دلچسپ مقابلے میں انگلینڈ کو 7 وکٹ سے، جبکہ Mitchell Santer کی کپتانی میں نیوزی لینڈ کی ٹیم، کولکاتہ میں جنوبی افریقہ کو 9وکٹ سے ہراکر فائنل میں پہنچی ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆